HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL



# Tahaffuz

**Protect your loved ones
with quality Health Takaful**

## EFU LIFE ASSURANCE LTD.
## WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

# Tahaffuz

## Why Health Takaful?

If the unexpected happens, it's good to be prepared.

Health care costs are rising everyday. If you or one of your family member falls sick it will not only lead to mental distress for the whole family but could also adversely affect your finances for a long time to come. The implications become even more severe if the illness results in prolonged hospitalization.



Studies have shown that every 2nd male and every 3rd female is at risk of developing cancer during his/her lifetime.

Seasonal and epidemic Illnesses (Dengue, Viral Hemorrhagic Fever etc.) are also on the rise.

1 out of every 9 adults could develop Chronic Renal Failure.

## How can I provide financial protection?

EFU Hemayah Takaful's **Tahaffuz** provides access to quality healthcare to you and your family and that too on cashless basis.

**Tahaffuz** is a simple, valuable and affordable health takaful plan. It provides financial protection, up to the selected benefit limit, in case an unfortunate illness or accident leads to hospitalization.

## What does Tahaffuz offer?

**Tahaffuz** is designed to provide you access to a large network of carefully selected hospitals across the country for quality healthcare, on Credit Basis, in case of hospitalization.

Some of the salient benefits of the Plan include:

### *Room Entitlement & Annual Limits*

You have the choice to select between General, Semi Private or Private Rooms, along with corresponding Annual Limits of PKR 100,000, PKR 200,000 PKR 350,000 and PKR 500,000 respectively.

### *In-patient Hospitalization*

The Policy pays for in-patient hospitalization expenses such as:

- Room as per Entitlement
- General Nursing services, etc.



- ICU / CCU charges
- Physician / Specialist / Surgeon Fee
- Operation / Anesthetist Charges
- Medicines and Lab Tests
- Oxygen & Blood Supplies

## Day Care Treatment

Besides in-patient hospitalization, the Plan also covers certain Day Care procedures.

Day Care Treatments are medical or surgical procedures for which the person is admitted to a hospital bed but does not require an overnight stay, such as Angiography, Endoscopies etc.

## Emergency Accidental Out-Patient treatment

Out-Patient treatment due to accidental emergency is covered within 48 hours of an accident up to the sub limits defined under each plan.

## Specialized Investigations

The Policy also pays for Three (03) important and expensive out-patient tests even if no hospitalization follows. These tests are MRI, CT Scan and Thallium Scan.

## Pre-Hospitalization Benefit

Out-patient expenses (Medicine, Consultation & Diagnostic Tests) are also covered if they lead to a covered in-patient hospitalization within 30 days.

## Post-Hospitalization Benefit

Out-patient expense (Medicine, Consultation & Diagnostic Tests) are also covered for up to 30 days following a covered in-patient hospitalization.

## Miscellaneous Expenses

Besides the above, some of the other benefits of the Plan include:

- Local Ambulance Cover
- Emergency Evacuation Cover
- Emergency Dental Treatment (for Pain Relief)
- Emergency International Coverage

## How do I Enroll?

If you are a healthy adult Pakistani of up to 60 years of age all you have to do is just fill in a simple application form and deposit the appropriate contribution. No medical examination is required.

## Can I cover my family members?

You can include your spouse, children (above 90 days old) & parents (upto age 60 years), in your policy. Each family member is entitled to an independent coverage at the same benefit level as the Main Applicant. You will also be entitled to the family discount in this case.

Once enrolled, the coverage can be continued up to age of 65 years.

## Are there any discounts on multiple enrollments?

Yes! In case three or more family members are enrolled under the same policy, **Tahaffuz** offers a 10% discount in contribution for 3rd and subsequent members. The two eldest members will however, be required to pay the full contribution.

## Do I pay for treatment cost

No! **Tahaffuz** provides you Credit Facility at over 300 approved Hospitals in Pakistan. You do not have to pay for hospitalization as EFU Hemayah Takaful will arrange to settle your bills directly to its Network Partners.

## Network Hospitals

EFU Hemayah Takaful has developed a network of over 300 carefully selected hospitals spread across the country.

Some of these include: Agha Khan University Hospital, Orthopaedic & Medical Institute (OMI), Liaquat National and Dr. Ziauddin Hospital in Karachi. Ittefaq Trust, Fatima Memorial, Shaukat Khanum in Lahore, Bilal Hospital and Shifa International in Islamabad and many more in these and other major cities/towns like Hyderabad, Sukkur, Quetta, Peshawar, Faisalabad & Multan.

You can get a complete list of Network Hospitals from our representative or download it at the website www.efulife.com/health.

## What are the advantages of a Network Hospital?

In case you need to be hospitalized, you can select any of the Network Hospitals to obtain quality medical care without having to pay out of pocket.

You can avail the credit facility arranged by EFU Hemayah Takaful through a simple Pre-authorization procedure and EFU Hemayah Takaful will settle your bills directly to the hospital, as per your entitlement. This relieves you from possible financial strain and you can concentrate on the recovery process.

## Can I be treated at Non-Network Hospital?

Yes! But,the treatment expenses will have to be initially borne by you, EFU Hemayah Takaful will reimburse these expenses on submission of the bills, subject to the reasonable & customary charges that would have been incurred at a comparable Network Hospital for similar treatment. For this reason and also because Network Hospitals have been vetted for the delivery of quality care, we strongly recommend the use of a Network Hospital.

## Are Pre-existing Conditions Covered?

Pre-existing Medical Condition 'Under this health takaful policy shall mean any sickness illness, disease, injury, symptom, co-morbid condition or the underlying cause, condition sickness, illness disease injury or risk factor of an illness or any disease that cause another illness due to direct or indirect impact, has been known, was treated, is under treatment any treatment required or has been investigated even if no medical advice or diagnosis or treatment was sought, prior to applying for health takaful.




Usually, Pre-existing conditions are not covered under these types of takaful Plan. However, **Tahaffuz** will provide coverage for treatment related to Pre-existing Medical Conditions after four (04) policy years.

** Terms & Condition apply*

## Are there any exclusions?

Expenses arising from or related to Pre-existing Conditions (during the first 4 years), Pregnancy and Childbirth, Outpatient treatment, Congenital Birth Defects, War, Invasion, Civil unrest, Infertility, Cosmetic treatment, Routine Medical Checkup etc are not covered.

** Terms & Condition apply*

## In-admissible Conditions

The policy is not available to people suffering from (pre-existing) Diabetes, Cancer or HIV/AIDS.

## Other Benefits

## 24-Hours Medical Hotline

You have round the clock 24 hours access to our staff/doctors for help during medical emergencies.

## Customer Service

In case you need any clarification or facilitation regarding your policy, our dedicated customer relations staff will be pleased to assist you.

## Integrated HealthCare

EFU Hemayah Takaful offers you more than just financial protection. In the unfortunate event of hospitalization, our Integrated HealthCare concept ensures that you get the most appropriate treatment from the right doctor according to International Medical Guidelines.

## Health Card




You will receive a Health Card with your policy that will contain important information about your policy. The Health Card will identify you as an EFU Hemayah Takaful covered members at our Network Hospitals and entitles you to the Credit Facility.

## Emergency International Coverage

Subject to the availability of the Basic Annual Limit, the Policy also pays for expenses incurred on Emergency Treatment outside Pakistan, subject to certain terms and conditions.

## No Claim Bonus

In case there is NO Claim on any of the family members covered under the Policy for a period of two consecutive Policy Years, the Basic Annual Limit will be enhanced by 10% with effect from the following Policy Year, without any additional contribution. This increase in cover of your family's health protection will help to keep pace with medical inflation.

## Benefit Limits

The following chart gives you the Benefit Limits:

| Description of Benefits | Bronze | Silver | Gold | Platinum |
|---|---|---|---|---|
| Room Entitlement | General | General | Semi Private | Private |
| Basic Annual Limit | Rs. 100,000 | Rs. 200,000 | Rs. 350,000 | Rs. 500,000 |
| Intensive Care Unit | Actual | Actual | Actual | Actual |
| Pre/Post Hospitalization Investigations | 30 days | 30 days | 30 days | 30 days |
| Pre/Post Hospitalization Consultations | 30 days | 30 days | 30 days | 30 days |
| Pre/Post Hospitalization Medicines | 30 days | 30 days | 30 days | 30 days |
| Emergency Evacuation Sub Limit | Rs. 25,000 | Rs. 35,000 | Rs. 50,000 | Rs. 50,000 |
| Emergency Accidental Out-Patient Sub Limit (With in 48 Hours) | Rs. 10,000 | Rs. 20,000 | Rs. 35,000 | Rs. 50,000 |

** The maximum Life time Benefit is PKR. 1,000,000*

## Contribution Rates (Rupees)

The Policy is available at very affordable rates, the following contribution rates are applicable.

| Age (Next Birthday) | Bronze | Silver | Gold | Platinum |
|---|---|---|---|---|
| 90 days to 18 years | 3,450 | 5,405 | 7,590 | 8,855 |
| 19 to 29 years | 4,370 | 6,555 | 8,510 | 10,350 |
| 30 to 34 years | 5,520 | 7,820 | 10,005 | 12,535 |
| 35 to 39 years | 6,325 | 9,775 | 13,340 | 15,985 |
| 40 to 44 years | 7,475 | 12,305 | 16,330 | 18,975 |
| 45 to 49 years | 8,625 | 14,030 | 18,400 | 21,505 |
| 50 to 54 years | 9,890 | 15,870 | 20,125 | 23,805 |
| 55 to 59 years | 12,190 | 18,170 | 21,965 | 27,485 |
| 60 to 64 years | 14,375 | 19,550 | 23,345 | 30,475 |

## Note:

- The above rates are inclusive of Govt. Taxes
- Please add Rs. 500/- Policy Admin Fee.
- The above rates are subjet to change without prior notice.

## EFU LIFE ASSURANCE LTD.
## WINDOW TAKAFUL OPERATIONS


**Health Office:**
37-K, Block-6, PECHS, Karachi-75400.
Tel: 021-111-HEALTH (111-432584).
Call Centre: 021-111-HELP-00 (111-4357-00)
Email: health@efulife.com Website: www.efulife.com/health

**Central Marketing & Sales Office:**
Suite # 103 & 104, 1st Floor, Fayyaz Centre,
Main Shahra-e-Faisal, SMCHS, Karachi-74400
Tel: 021-3455-0995-8

**Islamabad Office:**
Suite # 103, 1st Floor, Muhammad Gulistan Khan House,
82-East, Fazal-e-Haq Road, Blue Area, Islamabad-44000
Tel: 051-111-HEALTH (111-432-584)

**Lahore Office:**
Office No. 28A, 2nd Floor, I.T. Tower,
Hali Road, Gulberg-III, Lahore-54000
Tel: 042-111-HEALTH (111-432-584)



**Disclaimer:**
This booklet provides only an introduction of the benefits available under the policy. For exact terms and conditions, please refer to the Policy Document.

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ
## ونڈو تکافل آپریشنز


**ہیلتھ آفس:**
K-37، بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی 75400
فون: (111-432-584) 021-111-HEALTH
کال سینٹر: (111-435-700) 021-111-HELP-00
ای میل: health@efulife.com
ویب سائٹ: www.efulife.com/health

**اسلام آباد آفس:**
سوئٹ نمبر 103، پہلی منزل، محمد گلستان خان ہاؤس
82-ایسٹ، فضل حق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد-44000
فون: (111-432-584) 051-111-HEALTH

**سینٹرل مارکیٹنگ اینڈ سیلز آفس:**
سوئٹ نمبر 103 اور 104، پہلی منزل، فیاض سینٹر
مین شاہراہِ فیصل، ایس ایم سی ایچ ایس، کراچی 74400
فون: 8-021-34550995

**لاہور آفس:**
آفس نمبر A-28، دوسری منزل، آئی ٹی ٹاور، حالی روڈ
گلبرک-III، لاہور-54000
فون: (111-432-584) 042-111-HEALTH



**دستبرداری Disclaimer:** یہ کتابچہ پالیسی کے تحت دستیاب فوائد کا صرف خلاصہ فراہم کرتا ہے مکمل اور تحقیقی شرائط وضوابط کیلئے براہِ مہربانی پالیسی دستاویز کا جائزہ لیں۔

## فوائد کی حدود

مندرجہ ذیل چارٹ **تحفظ پالیسی** کے تحت فوائد کی مالی حدود کی نشاندہی کرتا ہے:

| فوائد | برانز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
|---|---|---|---|---|
| ہسپتال میں کمرے کا انعقاد | جنرل | جنرل | سیمی پرائیویٹ | پرائیویٹ |
| بنیادی سالانہ مالی حد | Rs.100,000 | Rs.200,000 | Rs.350,000 | Rs.500,000 |
| آئی۔سی۔یو۔ | مطابق اصل | مطابق اصل | مطابق اصل | مطابق اصل |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور فراغت کے بعد کے ٹیسٹ | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور فراغت کے بعد کی کنسلٹیشن/تشخیص | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن |
| ہسپتال میں داخلے سے قبل اور فراغت کے بعد کی ادویات | 30 دن | 30 دن | 30 دن | 30 دن |
| ہنگامی انخلاء کے لئے ذیلی حد | Rs.25,000 | Rs.35,000 | Rs.50,000 | Rs.50,000 |
| حادثے کی صورت میں ہنگامی معالجے کیلئے ذیلی حد (حادثے کے 48 گھنٹے کے اندر) | Rs.10,000 | Rs.20,000 | Rs.35,000 | Rs.50,000 |

* طبی اخراجات کی مد میں تاحیات فوائد کی حد 1,000,000 روپے

## زرِتکافل کی شرح (روپوں میں)

**تحفظ پالیسی** نہایت مناسب شرح پر پیش کی جاتی ہے۔

| (عمر آنے والی سالگرہ سے قریب ترین) | برانز | سلور | گولڈ | پلاٹینم |
|---|---|---|---|---|
| 90 دن تا 18 سال | 3,450 | 5,405 | 7,590 | 8,855 |
| 19 سال تا 29 سال | 4,370 | 6,555 | 8,510 | 10,350 |
| 30 سال تا 34 سال | 5,520 | 7,820 | 10,005 | 12,535 |
| 35 سال تا 39 سال | 6,325 | 9,775 | 13,340 | 15,985 |
| 40 سال تا 44 سال | 7,475 | 12,305 | 16,330 | 18,975 |
| 45 سال تا 49 سال | 8,625 | 14,030 | 18,400 | 21,505 |
| 50 سال تا 54 سال | 9,890 | 15,870 | 20,125 | 23,805 |
| 55 سال تا 59 سال | 12,190 | 18,170 | 21,965 | 27,485 |
| 60 سال تا 64 سال | 14,375 | 19,550 | 23,345 | 30,475 |

### نوٹ:

- اوپر دی گئی شرح میں سرکاری ٹیکس شامل ہیں
- قابل ادا زرِتکافل میں 500 روپے پالیسی ایڈمن فیس شامل کر لیں
- اوپر دی گئی شرح زرِتکافل بغیر کسی پیشگی اطلاع کے تبدیل کی جاسکتی ہے




## کیا کچھ مستثنیات بھی ہیں؟

پہلے سے موجود طبی کیفیت یا اس سے متعلق اٹھنے والے تمام اخراجات پہلے 4 سالوں کے دوران اس ہیلتھ تکافل سے مستثنیٰ ہونگے۔ اس کے علاوہ حمل اور وضع حمل، بیرونی مریض (OPD) کے طور پر علاج، پیدائشی نقص، جنگ، یلغار، شہری لاقانونیت، بانجھ پن، کاسمیٹک ٹریٹمنٹ، عمومی طبی معائنہ وغیرہ اس ہیلتھ تکافل سے مکمل طور پر مستثنیٰ ہونگے۔

*شرائط وضوابط لاگو ہیں

## ناقابل قبول حالات

پلان ان لوگوں کے لئے نہیں ہے جو پہلے سے شوگر، سرطان یا ایچ آئی وی/ایڈز میں مبتلا ہوں۔

## پالیسی کے دیگر پہلو

### 24 گھنٹے دستیاب طبی ہاٹ لائن

آپ کو ہنگامی طبی صورتحال میں 24 گھنٹے ہمارے طبی عملہ تک رسائی حاصل رہتی ہے۔

### کسٹمر سروس

اگر آپ کو اپنی پالیسی کی نسبت کسی بھی قسم کی صراحت یا سہولت درکار ہو تو ہمارا کسٹمر سروس کا مخصوص عملہ ہر وقت آپ کی خدمت کے لئے موجود ہے۔

### صحت کی مربوط دیکھ بھال

ای ایف یو حمایہ تکافل آپ کو بیماری کے سلسلے میں صرف مالی تحفظ ہی فراہم نہیں کرتی بلکہ اگر خدانخواستہ آپ کو ہسپتال میں داخل ہونے کی ضرورت پیش آئے تو ہمارا صحت کی نگہداشت کا جامع تصور اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کو بہترین ڈاکٹروں کے ذریعے مناسب ترین معالجہ بین الاقوامی طبی رہنما اصولوں کے مطابق فراہم کیا جائے۔

### ہیلتھ کارڈ




آپ کو آپ کی پالیسی کے ہمراہ ہیلتھ کارڈ بھی دیا جاتا ہے جس میں آپ کی پالیسی کے متعلق اہم معلومات درج ہوتی ہیں۔ یہ ہیلتھ کارڈ ہمارے ہسپتالوں کے نیٹ ورک میں آپ کو ای ایف یو حمایہ تکافل شدہ کے طور پر شناخت کراتا ہے اور اس کے ذریعے آپ بغیر نقد ادائیگی کے علاج کی سہولت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

### ایمرجنسی کی صورت میں بیرونِ ملک علاج

اگر پالیسی کی بنیادی مالی حد میں شریکِ تکافل کے حق میں گنجائش موجود ہو تو **تحفظ پالیسی** بیرونِ ملک ہنگامی صورتحال میں حاصل کئے ہوئے معالجہ کے اخراجات بھی ادا کرتی ہے جو کہ کچھ قواعد وضوابط سے مشروط ہے۔

### نو کلیم بونس

اگر **تحفظ پالیسی** کے تحت 2 سال تواتر سے کسی بھی تکافل شدہ فرد کے لئے کوئی کلیم نہ لیا گیا ہو تو پالیسی کے تیسرے سال کی ابتداء سے پالیسی کی مالی حد میں بغیر کسی اضافی زرِ تکافل 10 فیصد اضافہ کردیا جاتا ہے۔ آپ کے خاندان کی صحت کی دیکھ بھال کے لئے مالی تحفظ میں یہ اضافہ علاج معالجہ کے اخراجات میں اضافہ کے اثرات سے آپ کو محفوظ رکھے گا اور اس سلسلے میں ذہنی سکون کا باعث بنے گا۔

ایک مرتبہ پالیسی جاری کردی جائے تو باقاعدہ زرِتکافل کی ادائیگی پر تحفظ 65 سال کی عمر تک جاری رہتا ہے۔

## کیا ایک سے زیادہ افراد کیلئے پالیسی خریدنے پر کوئی ڈسکاؤنٹ ہے ؟

جی ہاں! تین یا اس سے زیادہ اہلِ خاندان کے لئے ایک ہی پالیسی حاصل کی جائے تو تیسرے اور اس کے بعد تمام اہلِ خاندان کو تحفظ پالیسی زرِتکافل میں 10 فیصد ڈسکاؤنٹ پیش کرتی ہے۔ پہلے دو سب سے زیادہ عمر کے اہلِ خاندان کو پورا زرِتکافل ادا کرنا ہوگا۔

## کیا معالجے کے اخراجات ہم ادا کرتے ہیں؟

نہیں! تحفظ پالیسی آپ کو پاکستان بھر میں 300 سے زائد معیاری ہسپتالوں میں بغیر نقد ادائیگی کے علاج کی سہولت فراہم کرتی ہے۔ آپ کو ہسپتال کے بل ادا نہیں کرنے ہوتے کیونکہ ای ایف یو حمایہ تکافل براہِ راست اپنے نیٹ ورک پارٹنرز کو وقف فنڈ میں سے ادائیگی کردیتی ہے۔

## نیٹ ورک ہسپتال

ای ایف یو حمایہ تکافل نے ملک بھر میں نہایت احتیاط سے منتخب شدہ 300 سے زائد معیاری ہسپتالوں کا نیٹ ورک تشکیل دیا ہے۔ ان ہسپتالوں میں شامل ہیں: آغا خان یونیورسٹی ہسپتال کراچی، آرتھوپیڈک اینڈ میڈیکل انسٹیٹیوٹ کراچی (او۔ایم۔آئی)، شفاء انٹرنیشنل اسلام آباد، لیاقت نیشنل اور ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال کراچی، اتفاق ٹرسٹ، فاطمہ میموریل، شوکت خانم لاہور، بلال ہسپتال اسلام آباد اور دیگر کئی منتخب کردہ بڑے اور دوسرے شہروں میں مثلاً حیدرآباد، سکھر، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد اور ملتان وغیرہ۔ ان نیٹ ورک ہسپتالوں کی مکمل فہرست آپ ہمارے نمائندے سے حاصل کرسکتے ہیں یا ہماری ویب سائٹ www.efulife.com/health سے ڈاؤن لوڈ کرسکتے ہیں۔

## نیٹ ورک ہسپتالوں کے فوائد کیا ہیں ؟

اگر کسی وجہ سے آپ کو ہسپتال میں داخلہ لینا ہو تو ان نیٹ ورک ہسپتالوں میں آپ بغیر نقد ادائیگی کے معیاری معالجہ حاصل کرسکتے ہیں۔ ایک سادہ طریقہ کار کے ذریعے آپ کو اختیار دے دیا ہے کہ آپ ای ایف یو حمایہ تکافل کے ان ہسپتالوں کے ساتھ طے شدہ کریڈٹ سہولیات سے فائدہ اٹھا سکیں اور ای ایف یو حمایہ تکافل آپ کے استحقاق کے مطابق ہسپتال کے نام بل ادا کردے۔ اس طرح آپ مالی دباؤ سے بے فکر ہوکر اپنی صحت کی بحالی پر مکمل توجہ دے سکتے ہیں۔

## کیا ہم ایسے ہسپتال میں علاج کرا سکتے ہیں جو نیٹ ورک میں شامل نہیں ؟

جی ہاں! مگر ایسی صورت میں معالجے کے اخراجات ابتداء میں آپ کو خود برداشت کرنا ہوں گے۔ ای ایف یو حمایہ تکافل بل پیش کرنے پر آپ کو ان اخراجات کی ادائیگی بعد میں کرے گی بشرطیکہ یہ اخراجات مناسب اور عمومی طور پر اتنے ہی ہوں جتنے متعلقہ ہسپتال جیسے کسی نیٹ ورک ہسپتال میں مساوی علاج پر اٹھتے۔ چونکہ کمپنی نے نیٹ ورک ہسپتالوں کی تفصیلی جانچ پڑتال کی ہوتی ہے۔ اس لئے ہم شرکاء کو یہ مشورہ دیتے ہیں کہ وہ ضرورت پڑنے پر نیٹ ورک ہسپتال ہی سے علاج کرائیں۔

## کیا پہلے سے موجود طبی کیفیت کے سلسلے میں تحفظ مل سکتا ہے ؟

پہلے سے موجود طبی کیفیت ہم کسی ایسے مرض، چوٹ یا جسمانی زخم کو کہتے ہیں جس کے لئے ماضی میں طبی مشاورت یا علاج کرایا گیا ہو۔ اس میں ایسی وہ تمام طبی کیفیت شامل ہیں جن سے آپ یا آپ کے لواحقین آگاہ ہوں خواہ ان کے لئے کبھی کوئی مشورہ، تشخیص یا/اور علاج اس تکافل کے موثر ہونے سے قبل حاصل کیا گیا ہو یا نہیں۔ عمومی طور پر ایسی پہلے سے موجود طبی کیفیات کے سلسلے میں اس قسم کی تکافل پالیسیاں تحفظ فراہم نہیں کرتیں۔ تاہم تحفظ پالیسی ایسی پہلے سے موجود طبی کیفیات کو 4 مکمل پالیسی سال پورے ہونے کے بعد تحفظ فراہم کرتی ہے۔ یہ تحفظ پالیسی کی ایک منفرد خوبی ہے۔

*شرائط وضوابط لاگو ہیں



- فزیشن/ اسپیشلسٹ/ سرجن کی فیس
- آپریشن/ اینستھیٹسٹ کے اخراجات
- ادویات اور لیبارٹری ٹیسٹ کے اخراجات
- آکسیجن اور خون چڑھانے کے اخراجات

## ڈے کیئر معالجہ

ہسپتال میں داخلے کے علاوہ **تحفظ پالیسی** ڈے کیئر مریض کے طور پر معالجہ کرانے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل اخراجات کی ادائیگی بھی کرتی ہے۔ ڈے کیئر معالجے میں ایسے علاج یا تحقیقات شامل ہیں جن کے لئے مریض کو ہسپتال میں داخل کر کے بستر فراہم کیا جاتا ہے مگر اسے ہسپتال میں رات نہیں گزارنی ہوتی، مثلاً انجیوگرافی، اینڈوسکوپی وغیرہ۔

## خاص تشخیصی ٹیسٹ

**تحفظ پالیسی** تین ایسی خصوصی تحقیقات کے اخراجات کی ادائیگی بھی کرتی ہے جو مہنگے ہیں مگر جن کے لئے مریض کو ہسپتال میں داخل نہیں ہونا ہوتا یعنی MRI، CT Scan اور Thallium Scan

## ہسپتال میں داخلے سے قبل کے فوائد

اس کے تحت ہسپتال میں داخلے سے قبل کے ایسے اخراجات (ادویات، کنسلٹیشن، تشخیصی ٹیسٹ) کی ادائیگی بھی کرتی ہے، بشرطیکہ ایسے اخراجات اٹھنے کے 30 دن کے اندر اور ایسے معالجہ کے بعد بھی مریض کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑا ہو۔

## ہسپتال سے فراغت کے بعد کے فوائد

ایسے اخراجات جو ہسپتال سے فارغ کئے جانے کے بعد 30 دن کے اندر ہوئے ہوں (ادویات، کنسلٹیشن، تشخیصی ٹیسٹ)۔

## مزید اخراجات

مندرجہ بالا اخراجات کے علاوہ **تحفظ پالیسی** کچھ دیگر فوائد بھی پیش کرتی ہے:

- مقامی ایمبولینس کی فراہمی
- ہنگامی انخلاء کے اخراجات
- حادثے کی صورت میں ہنگامی معالجہ (حادثہ کے 48 گھنٹے کے اندر)
- درد سے نجات کی خاطر دانتوں کا ہنگامی معالجہ
- ہنگامی صورتحال میں بین الاقوامی تحفظ

## ہم ہیلتھ تکافل کیسے حاصل کریں؟

اگر آپ 60 سال کی عمر تک کے صحتمند بالغ پاکستانی ہیں تو آپ کو محض ایک سادہ سا درخواست فارم پُر کرنا اور متعلقہ زرِ تکافل ادا کرنا ہوگا۔ طبی معائنہ بھی درکار نہیں ہوتا۔

## کیا ہم اپنے اہلِ خاندان کو بھی تحفظ فراہم کر سکتے ہیں؟


آپ 90 دن سے زیادہ عمر کے بچے، شریک حیات اور 60 سال تک کی عمر کے والدین کو اپنی پالیسی کے ذریعے تحفظ فراہم کر سکتے ہیں، ہر فردِ خاندان کو پالیسی کے فراہم کردہ تحفظ کے مطابق اصل درخواست دہندہ جیسا ہی جداگانہ تحفظ فراہم کیا جاتا ہے۔ اس صورت میں آپ فیملی ڈسکاؤنٹ کا فائدہ بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

# Tahaffuz

## ہیلتھ تکافل کیوں؟

غیر متوقع معاملات کے لئے پہلے سے تیار رہنا اچھا ہوتا ہے۔

صحت کی دیکھ بھال اور اسے برقرار رکھنے کے اخراجات دن بہ دن بڑھتے جا رہے ہیں۔ اگر (خدانخواستہ) آپ یا کوئی اہلِ خاندان بیمار پڑ جائے تو یہ نہ صرف تمام گھرانے کے لئے ذہنی دباؤ کا باعث ہوتا ہے بلکہ آپ کے مالی حالات کو بھی لمبی مدت کے لئے منفی طور پر متاثر کر سکتا ہے۔ اگر مرض کے نتیجے میں لمبی مدت کے لئے ہسپتال میں داخل ہونے کا سوال آ جائے تو بیماری کے اثرات پورے خاندان پہ اور بھی گھمبیر ہو جاتے ہیں۔



تحقیق یہ بتاتی ہے کہ ہر دوسرا مرد اور ہر تیسری عورت اپنی زندگی میں سرطان (کینسر) میں مبتلا ہو سکتے ہیں۔

موسمی اور وبائی امراض (ڈینگی، وائرل ہیمر ہیجک فیور) لاحق ہونے کا خطرہ بھی روز بہ روز بڑھ رہا ہے۔ ہر 9 میں سے ایک بالغ شخص گردوں کے ناکام ہو جانے کے مرض میں مبتلا ہو سکتا ہے۔

## بیماری کے خلاف مالی تحفظ کیسے فراہم کیا جا سکتا ہے؟

ای ایف یو جمایہ تکافل تحفظ آپ کو اور آپ کے اہلِ خاندان کو اعلیٰ معیار کے تحفظ صحت تک رسائی فراہم کرتا ہے۔ وہ بھی بغیر نقد ادائیگی کی بنیاد پر۔

## تحفظ پالیسی کیا کچھ پیش کرتی ہے؟

تحفظ پالیسی کو اس طرح سے تشکیل دیا گیا ہے کہ اگر ہسپتال میں داخلہ درکار ہو تو ملک بھر میں اعلیٰ ہسپتالوں کے ایک محتاط طریقے سے منتخب کئے ہوئے نیٹ ورک تک بغیر نقد ادائیگی کے رسائی فراہم کرتا ہے۔

## تحفظ پالیسی کی کچھ نمایاں خصوصیات: ہسپتال میں کمرہ لینے کا استحقاق اور سالانہ حدود

آپ اپنی خواہش کے مطابق جنرل، سیمی پرائیویٹ یا پرائیویٹ کمرے کا انتخاب کر سکتے ہیں جن کی علی الترتیب مالی گنجائش 100,000 روپے، 200,000 روپے، 350,000 روپے اور 500,000 روپے سالانہ ہوتی ہے۔

## ہسپتال میں داخل مریض کے اخراجات

تحفظ پالیسی ہسپتال میں داخل مریض کے مندرجہ ذیل قسم کے اخراجات ادا کرتی ہے:

- استحقاق کے مطابق کمرہ کے اخراجات
- عمومی نرسنگ خدمات کے اخراجات
- آئی سی یو/سی سی یو (ICU/CCU) کے اخراجات

HEMAYAH

EFU FAMILY TAKAFUL



# Tahaffuz

اپنے پیاروں کا تحفظ بہترین ہیلتھ تکافل کے ساتھ

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ
## ونڈو تکافل آپریشنز